11417 ـ تشهد كا طريقہ معلوم كرنا چاہتا ہے

سوال

ميں اچھى طرح عربى كے تلفظ كو ادا نہيں كر سكتا، اس ليے چاہتا ہوں كہ آپ عربى ميں تشہد لكھ ديں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

ذيل ميں ہم نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم سے ثابت شدہ تشہد كے چند ايك صيغے پيش كرتے ہيں:

1 ـ ابن مسعود رضى اللہ تعالى عنہما بيان كرتے ہيں:

" ميرى ہتھيلى رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كى دونوں ہتھيليوں كے درميان تھى تو آپ نے مجھے تشہد اس طرح سكھائى جس طرح قرآن كى كوئى سورۃ سكھائى جاتى ہے:

" التَّحِيَّاتُ لِلَّهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ السَّلامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ السَّلامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللَّهِ الصَّالِحِينَ أَشْهَدُ أَنْ لا إِلَهَ إِلا اللَّهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ "

سب درود اور وظيفے اللہ ہى كے ليے ہيں، اور سب عجز و نياز اور سب صدقے خيرات بھى اللہ ہى كے ليے ہيں، اے نبى صلى اللہ عليہ وسلم آپ پر سلام اور اللہ كى رحمت اور اس كى بركتيں ہوں، سلام ہو ہم پر اور اللہ كے نيك و صالح بندوں پر، ميں گواہى ديتا ہوں كہ اللہ تعالى كے سوا كوئى معبود برحق نہيں، اور ميں گواہى ديتا ہوں كہ محمد صلى اللہ عليہ وسلم اس كے بندے اور رسول ہيں "

صحيح بخارى كتاب الاستئذان حديث نمبر (6265).

علماء كرام كے ہاں تشہد كے سب سے بہترين اور احسن اور صحيح ترين الفاظ يہى ہيں، اور يہ الفاظ پہلى تشہد ميں كہے جائينگے، اور آخرى تشہد ميں ان كے ساتھ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم پر درود بھى پڑھا جائيگا، جسے درود ابراہيمى كا نام ديا جاتا ہے.

ابن قيم رحمہ اللہ تعالى كہتے ہيں:

" رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے لیے آخری تشہد میں اپنے اوپر درود پڑھنا مشروع کیا ہے "

دیکھیں: الصلاۃ و حکم تارکھا (1 / 284).

درود کے وراد شدہ صیغوں میں یہ بھی شامل ہے:

2 ـ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

تم یہ پڑھو:

" اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ فِي الْعَالَمِينَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ "

اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما، جس طرح تو نے آل ابراہیم علیہ السلام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائیں، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر برکتیں نازل فرما جس طرح تو نے جہانوں میں ابراہیم علیہ السلام کی آل پر رحمتیں نازل فرمائیں، یقینا تو تعریفوں کے لائق اور بزرگی والا ہے "

اور سلام پڑھا کرو، جس طرح تم جان چکے ہو "

صحیح مسلم کتاب الصلاۃ حدیث نمبر (405).

اور سنت یہ ہے کہ تشہد کے بعد یعنی یہی کلمات اور درود پڑھنے کے بعد سلام پھیرنے سے قبل دعائیں کی جائیں، اس کی تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (5236) کے جواب کا مطالعہ کریں.

واللہ اعلم .